الفاروق مکتب رحمانی و الفاروق اسلامک اسکول

نزد آستانۂ عالیہ فاروقیہ رحمانیہ۔ جہانگیر روڈ گرومندر، کراچی۔

یہ مدرسہ پاکستان میں حلقۂ رحمانی کو فروغ دینے والے معروف بزرگ جد المرشد، محبوبِ رحمانی حضرت خواجہ صوفی شاہ محمد فاروق رحمانی قادری چشتی صابری نظامی نور اللہ مرقدہٗ کے نامِ نامی اسمِ گرامی سے موسوم 1997ء میں قائم ہوا۔ جہاں بعد ازاں مدرسہ کے ساتھ ساتھ ''الفاروق اسلامک اسکول'' کے نام سے 2001ء میں اسکول کی تعلیم و تدریس کا آغاز بھی ہوا۔ جو درجہ بدرجہ ترقی کرتا ہوا میٹرک تک جا پہنچا۔ لیکن جگہ کی تنگی، وسائل کی کمی اور انتظامی دشواریوں کی بناء پر 2018ء میں یہاں مدرسہ و اسکول کی تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں کو موقوف کر دیا گیا ہے۔ جونہی اہلِ ثروت و مخیّر حضرات کے پُرخلوص تعاون کی بدولت عمارت کی تعمیرِ نو مکمل ہوئی۔ انشاء اللہ دوبارہ یہاں پر تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا جائے گا۔